© rasailojaraid.com

**ہمقدم — رفتارِ کار نمبر** | ماہنامہ مجلہ مرتبہ ریاض محمود و معاونین - پتہ: ۱-اے، ذیلدار پارک اچھرہ، لاہور۔ چندہ سالانہ ۵۰/- روپے - قیمت فی شمارہ ۴/- روپے

یہ مجلہ پاکستان کے نظامِ حیات اور بخصوصاً نظامِ تعلیم میں سچا انقلاب لانے کے نقیب طلبہ کا رسالہ ہے۔ بڑی محنت و مہارت سے اس کا رفتارِ کار نمبر مرتب کیا گیا ہے۔ ہماری سفارش ہے کہ نوجوان بغیر کسی تعصب کے اسے پڑھیں۔

---

**المصباح — نفاذ شریعت نمبر** | ماہنامہ مجلہ طلبائے مدارسِ عربیہ - مرتب: محمد یونس صدیقی- قیمت فی پرچہ ۴/- روپے - سالانہ چندہ ۲۰/- روپے

طلبائے مدارسِ عربیہ کے لیے اُردو کی تعلیم اور ادبی ترتیب کا انتظام درس گاہوں میں عموماً کم ہوتا ہے۔ اس لحاظ سے المصباح کا وجود ہمارے لیے حیران کن اور امید افزا ہے۔ یہ مجلہ نوجوانوں کے لیے ذریعہ تربیت بھی ہے۔ تازہ شمارہ نفاذِ شریعت کے موضوع پر ہے۔ یعنی اس کی اہمیت اور اس کی مزاحمتوں کا دلائل سے تذکرہ ہے۔

---

**میں ایک مسلمان لڑکی ہوں** | از شہناز بنتِ اسلام - ناشر: مکتبۃ السفیر - ۱/۷ قذافی مارکیٹ - اُردو بازار - لاہور - قیمت ۱/۲۵

ایک لڑکی کی زبان سے آپ اُلجھنوں کے اس دَور میں اسلامی رویّے کی باتیں سُنیں اور اس کے جذبات و احساسات کو نمونہ بنائیں۔

---

**پردہ عصرِ حاضر میں** | از محمد بن رمضان - ناشر: المکتبۃ السفیر - اُردو بازار لاہور - قیمت: ۶/۷۵

اِس کتابچے میں مسلم اور غیر مسلم، پاکستان اور دیگر ممالک کے مردوں اور خواتین کی جانب سے آپ اسلامی پردے کے بارے میں نہایت سبق آموز تعلیمات اور روداروں اور واقعات کا مطالعہ کریں گے۔ یہ گویا کئی دماغوں کی کاوشوں اور کئی دلوں کے جذبات کا مجموعہ ہے۔

---

© rasailojaraid.com